کوریا میں مقیم غیر ملکیوں (18 سال سے ذائد عمر) کے لیے تیسری ویکسین (بوسٹر) کے بارے میں معلومات

وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ویکسین کم موثر ہو جاتی ہیں، جس سے انفیکشن کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ جب COVID-19 کے لیے تیسری ویکسین (بوسٹر) لگوالی جاتی ہے، تو انفیکشن اور شدید بیماری کو روکنے کا اثر بنیادی ویکسین سے زیادہ ہوتا ہے۔

موجودہ صورتِ حال میں COVID-19 کے تصدیق شدہ کیسز میں غیر ملکیوں کا تناسب زیادہ ہے، جب کہ عام آبادی کے مقابلے غیر ملکیوں میں ویکسین لگوانے کی شرح کم ہے۔ کوریا میں محفوظ زندگی کے لیے، تیسری ویکسین لگوانا یقینی بنائیں۔

18 سال سے زیادہ عمر کے غیر ملکی جنہوں نے کوریا یا بیرون ملک بنیادی ویکسین مکمل کر لی ہے وہ تیسری ویکسین (بوسٹر) مفت حاصل کر سکتے ہیں۔

○ ویکسین لگوانے کی مدت

-بنیادی ویکسین لگوانے کے 3 ماہ (90 دن) بعد، تیسری ویکسین لگوائی جا سکتی ہے۔ جانسن ویکسین لگوانے والے 2 ماہ (60 دن) گزر جانے کے بعد دوسری ویکسین (بوسٹر) لگوا سکتے ہیں۔

* بنیادی ویکسین: Pfizer، Moderna، اور AstraZeneca کی 2 ویکسین، Janssen کی 1 ویکسین

-اگر تیسری ویکسین، ابتدائی ویکسین لگوانے کے 6 ماہ کے اند نہیں لگوئی جاتی تو قرنطینہ پاس قابلِ قبول نہیں رہے گا، اور تیسری ویکسین لگنے کے فوراً بعد اس کو قبول کر لیا جائے گا۔

○ ویکسین کی قسمیں اور ویکسین لگوانے کی جگہ

-فی الحال، تیسری خوراک mRNA ویکسین (Pfizer, Moderna) لگائی جاتی ہے۔ تاہم، جانسن ویکسین لگوانے والوں میں سے اگر کوئی جانسن ویکسین کے طور پر دوسری ویکسین (بوسٹر) حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو براہ کرم قریبی عوامی صحت مرکز سے رابطہ کریں۔

-اس سے قطع نظر کہ آپ کے پاس ہیلتھ انشورنس ہے یا نہیں، آپ کسی بھی COVID-19 ویکسین لگانے کی اجازت والے طبی ادارے یا عوامی صحت کے مرکز سے لگوا سکتے ہیں۔

○ بکنگ کا طریقہ کار

① وہ غیر ملکی جنہوں نے کوریا میں بنیادی ویکسین لگوائی ہے۔

1) **رجسٹرڈ غیر ملکی:** بکنگ آن لائن یا فون کے ذریعے اُسی طرح کی جا سکتی ہے جیسے بنیادی ویکسین کے لیے کرائی گئی تھی۔

* آن لائن ریزرویشن: کورونا 19 ویکسین ایڈوانس ریزرویشن سسٹم (https://ncvr.kdca.go.kr) تک رسائی حاصل کریں اور اپنی شناخت کی تصدیق کے بعد ریزرویشن کریں۔

** فون کے ذریعے ریزرویشن: کوریا سینٹرز فار ڈیزیز کنٹرول اینڈ پریوینشن (☏1339) کے کال سینٹر یا مقامی حکومت کی طرف سے ریزرویشن کونسلنگ کے لیے فون نمبر https://ncv.kdca.go.kr) تک رسائی حاصل کریں ← 'کورونا 19 ویکسین فون بُکنگ' سے چیک کریں۔

2) **غیر رجسٹرڈ غیر ملکی (بشمول غیر قانونی تارکین وطن):** بنیادی ویکسین کے وقت پبلک ہیلتھ سینٹر کی طرف سے جاری کردہ عارضی انتظامی نمبر کا استعمال کرتے ہوئے فون کے ذریعے یا ویکسین لگانے والے ادارے (طبی ادارہ یا صحت عامہ کے مرکز) میں جا کر ریزرویشن کروا سکتے ہیں۔

② غیر ملکی جنہوں نے بیرون ملک بنیادی ویکسین لگوائی ہے (بشمول 90 دن سے کم رہنے والے غیر ملکی)

-اپنے شناختی کارڈ کے ساتھ قریبی پبلک ہیلتھ سنٹر میں جا کر، ایک عارضی انتظامی نمبر حاصل کریں اور بیرون ملک ویکسین لگوانے کی اپنی تاریخ کو رجسٹر کروائیں اور پھر فون کے ذریعے یا ویکسین لگانے والے ادارے (طبی ادارہ یا صحت عامہ کے مرکز) میں جا کر ریزرویشن کرائیں۔

* رجسٹرڈ غیر ملکیوں کو عارضی انتظامی نمبر جاری کروانے کی ضرورت نہیں ہے۔

※ حوالہ

-شناختی معلومات کا استعمال صرف ویکسین کے مقاصد کے لیے کیا جاتا ہے، اور اطلاع کی ذمہ داری کی معافی کے نوٹیفکیشن سسٹم کی وجہ سے غیر قانونی قیام وغیرہ کی اطلاع امیگریشن آفس کو نہیں دی جائے گی۔

-مزید تفصیلات کے لیے، براہ کرم COVID-19 ویکسین کے لیے کوریا سینٹرز فار ڈیزیز کنٹرول اینڈ پریونشن کی ویب سائٹ دیکھیں (https://ncv.kdca.go.kr) ۔

여성가족부 질병관리청

< یہ ترجمہ کیانگسنگ نام دو ملٹی کلچرل فیملی سپورٹ سنٹر کی طرف سے کیا گیا ہے>